نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی بہتر نگہداشت بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:20مارچ2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کے کاشتکار آخری آبپاشی فصل کی حالت، موسم اور پانی کی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے 25مارچ تک مکمل کر لیں۔ تاہم فصل ہری بھری ہونے کی صورت میں پچھیتی کاشتہ گندم کو اس کے بعد بھی پانی لگایا جا سکتا ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کی فصل پر سست تیلے کے حملہ کی صورت میں زرعی زہریں ہرگز استعمال نہ کریں اور صرف ٹھنڈے پانی کا سپرے کریں۔ کانگیاری سے متاثرہ پودوں کو نکالنے کیلئے فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور اس بیماری سے متاثرہ پودوں کو نکال کر زمین میں دبا دیں۔ کانگیاری سے متاثرہ کھیتوں میں پانی کا وقفہ بڑھا دیں۔ کاشتکار گندم کی فصل کی برداشت و سنبھال کیلئے ضروری انتظامات قبل از وقت مکمل کر لیں۔

☆☆☆☆